**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2024**

**Urdu Compulsory Paper I**

**Time: 50 minutes    Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

## پہلا جزو: سمعی مہارتیں

### ہدایات پر غور کیجیے:

اس جُزو کا کل دورانیہ 25 منٹ ہے اور اس کے کل نمبر 16 ہیں۔ آپ کو دو اقتباسات سنائے جائیں گے۔ ہر اقتباس دو بار سنایا جائے گا۔ پہلے آپ اقتباس نمبر 1 کو غور سے سنیے اور پھر اس اقتباس سے متعلق 8 سوالات کو خاموشی سے پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ ہو گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 1 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے کسی ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات حل کرنے کے لیے آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ اس کے فوراً بعد آپ اقتباس نمبر 2 سنیں گے اور اس کے بعد اقتباس نمبر 2 سے متعلق 8 سوالات خاموشی سے پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 2 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے کسی ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات حل کرنے کے لیے بھی آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

### اقتباس نمبر 1 سے متعلق سوالات:

1۔ سمعی اقتباس کے آغاز میں ٹھٹھہ شہر کی موجودہ حالت کے حوالے سے اظہارِ خیال کی نوعیت کیا ہے؟

A۔ ترجیحی
B۔ تعظیمی
C۔ تعریفی
D۔ تنقیدی

2۔ سمعی اقتباس میں 'کیپٹن الیگزینڈر ہملٹن' نے ٹھٹھہ شہر کے لوگوں کی کس خوبی کو سراہا ہے؟

A۔ عبادت
B۔ تجارت
C۔ سیاحت
D۔ زراعت

3۔ سمعی اقتباس کے مطابق ٹھٹھہ شہر میں 'جامع مسجد شاہ جہاں' تک لے جاتی موجودہ سڑک

A۔ پختہ و ہموار ہے۔
B۔ از سرِ نو زیرِ تعمیر ہے۔
C۔ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔
D۔ حادثات سے بھرپور ہے۔

4۔ سمعی اقتباس کے مطابق 'شاہ جہاں مسجد' کا بنیادی تعمیری کام مکمل ہونے میں کتنا عرصہ لگا؟

A۔ تین سال
B۔ چار سال
C۔ پانچ سال
D۔ چھے سال

5۔ سمعی اقتباس کے مطابق تعمیراتی فن کے اعتبار سے کون سا عنصر 'شاہ جہاں مسجد' کو دیگر مغلیہ عمارتوں سے ممتاز کرتا ہے؟

A۔ تعمیرِ گنبد
B۔ کاشی گری
C۔ سنگ تراشی
D۔ قرآنی خطاطی

6۔ سمعی اقتباس کے مطابق، مکلی کی زیادہ تر عمارتوں میں خوب صورتی کے لیے کون سی شے بنائی گئی ہے؟

A۔ چاند
B۔ ستارے
C۔ گلاب کی پتیاں
D۔ سورج مکھی کا پھول

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

7۔ سمعی اقتباس میں خطِ ثُلث میں مہارت کے حوالے سے سب سے **پہلے** کس کا نام مذکور ہے؟

A۔ طاہر
B۔ بھنبھو
C۔ محمد فاضل
D۔ عبدالغفور

8۔ سمعی اقتباس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

A۔ کہانی
B۔ افسانہ
C۔ مکتوب
D۔ مضمون

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ پلٹیے**

**اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات:**

9۔ سمعی اقتباس میں رؤف نے درج ذیل اشیا سے ڈرنے کا ذکر کیا ہے، **ماسوائے**

A۔ بندوق کی گولی۔
B۔ کڑوی کسیلی دوائی۔
C۔ ڈاکٹر صاحب کی سوئی۔
D۔ ماسٹر صاحب کی چھڑی۔

10۔ رؤف کے بہ قول اُسے ڈاکٹر صاحب کا کون سا فعل بہت ناپسند تھا؟

A۔ ہنسنا
B۔ بولنا
C۔ ڈانٹنا
D۔ دیکھنا

11۔ ڈاکٹر صاحب نے رؤف کو بہت سارے کپڑے پہن لینے کا مشورہ کس اعتبار سے دیا؟

A۔ سردی سے بچنے
B۔ خوش لباس لگنے
C۔ جسم موٹا نظر آنے
D۔ بیماری سے شفا پانے

12۔ سمعی اقتباس میں موجود الفاظ 'سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے' سے کیا مراد ہے؟

A۔ سر جھکا کر چلنا
B۔ بہت تیز دوڑنا
C۔ ایک پاؤں پر چلنا
D۔ چپلیں اُتار کر چھلانگ لگانا

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

13۔ ڈاکٹر صاحب کی سوئی سے بھاگ کر رؤف کہاں پہنچے ؟

A۔ ننھیال سے قریبی کلینک
B۔ ماسٹر صاحب کے گھر
C۔ نانی اماں کے گھر
D۔ محلے کی مسجد

14۔ رؤف نے کس کے بارے میں محبت کا اظہار کیا ہے ؟

A۔ مُلّا
B۔ نانی
C۔ امینہ
D۔ ڈاکٹر

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

15۔ ''ہاتھ پاؤں تو دیکھو برف کی طرح ٹھنڈے ہو رہے ہیں۔''
سمعی اقتباس سے ماخوذ درج بالا جملے میں کون سی اصطلاح موجود ہے؟

A۔ استعارہ
B۔ کہاوت
C۔ محاورہ
D۔ تشبیہ

16۔ سمعی اقتباس کس صنف کے زُمرے میں آئے گا؟

A۔ مکتوب
B۔ روداد
C۔ کہانی
D۔ ڈراما

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ پلٹیے**

## دوسرا جُزو: تفہیم عبارت خوانی

اس حصّے کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس 25 منٹ ہیں۔

### پہلا اقتباس:

آج سے صدیوں پہلے کی بات ہے، جاپان کے کسی گاؤں میں ایک آدمی رہتا تھا۔۔۔ گو! وہ ایک غریب آدمی تھا، مگر انتہائی نیک دل اور ایمان دار تھا۔ اس کے پاس تھوڑی بہت زمین تھی جس میں کاشت کاری کر کے اپنی گزر بسر کرلیتا تھا۔

ایک روز کا ذکر ہے، نوجوان اپنے دھان کے کھیت میں کام کر رہا تھا کہ اچانک فضا میں کسی پرندے کے پھڑ پھڑانے کی آواز سنائی دی۔ وہ کام کرتے کرتے رک گیا۔ نظریں اُٹھا کر دیکھا تو ایک کونج پھڑ پھڑاتی ہوئی زمین کی طرف آرہی تھی۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ زمین پر آگری اور بُری طرح تڑپنے لگی۔۔۔ نوجوان اُسے دیکھ کر لمحہ بھر کے لیے سوچ میں پڑ گیا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کونج اس طرح اچانک زمین پر کیوں آگری ہے۔۔۔ اس نے کونج کو دونوں ہاتھوں میں لے کر دیکھا تو اس کے بازو کے بڑے پَر کی جڑ میں ایک چھوٹا سا تیر گھپا ہوا تھا۔۔۔ اس نے رحم بھری نظروں سے کونج کی طرف دیکھا اور پھر جلدی سے اس کے جسم میں گھپا ہوا تیر نکالا، بڑی آہستگی سے اس کے زخم صاف کیے اور پولے پولے ہاتھوں سے اس کے جسم کو سہلانے لگا، تاکہ اس کا درد کم ہو اور حالت سنبھل جائے۔ اور ہوا بھی یہی، تھوڑی دیر میں کونج بڑی حد تک ٹھیک ہوگئی۔ اس نے دو تین بار زور زور سے پَر پھڑ پھڑائے، گویا! اب وہ اُڑنے کے قابل تھی۔۔۔ یہ دیکھ کر نوجوان کو بہت خوشی ہوئی۔ اس نے اُسے تھپتھپاتے ہوئے کہا: ''پیاری کونج! آئندہ سے ہوشیار رہنا اور کسی شکاری کے نشانے کی زد میں مت آنا۔''

اتنا کہہ کر اس نے کونج کو اپنے دونوں ہاتھوں میں اُٹھایا اور فضا میں چھوڑ دیا۔ اس کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے کونج فضا میں اُڑنے لگی۔

(مرتب: شفیع عقیل)

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

**پہلے اقتباس سے متعلق سوالات:**

17۔ خوانی اقتباس کا آغاز کس اسلوبِ تحریر سے ہو رہا ہے؟

A۔ منظر نگاری

B۔ سراپا نگاری

C۔ مکالمہ نگاری

D۔ کردار نگاری

18۔ خوانی اقتباس میں مذکور نوجوان کے حوالے سے کون سا عنصر عیاں ہے؟

A۔ تعلیم یافتہ ہونا

B۔ محنت کش ہونا

C۔ ماہر شکاری ہونا

D۔ دولت مند ہونا

19۔ کونج کا پھڑ پھڑاتے ہوئے فضا سے زمین کی طرف آنے کا سبب

A۔ زخمی ہونا تھا۔

B۔ تھک جانا تھا۔

C۔ دانہ چگنا تھا۔

D۔ پانی پینا تھا۔

20۔ کونج کو اپنے ہاتھوں میں لیتے ہی نوجوان پر کون سی کیفیت طاری ہوئی؟

A۔ خوشی

B۔ مایوسی

C۔ ہم دردی

D۔ بے زاری

21۔ کونج سے کہے گئے نوجوان کے آخری جملے کی نوعیت کیا ہے؟

A۔ مذاق

B۔ دھوکا

C۔ ڈانٹ

D۔ نصیحت

22۔ نوجوان کے کونج کے ساتھ برتے جانے والے رویے کو اپناتے ہوئے، ہم کس اعتبار سے اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں؟

A۔ ماحولیاتی آلودگی میں کمی

B۔ جانوروں کی ادویات کی تیاری

C۔ پرندوں کی تجارت کے اصول

D۔ جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک

23۔ خوانی اقتباس اردو ادب کی کس صنف کے زُمرے میں آئے گا؟

A۔ آپ بیتی

B۔ خاکہ نویسی

C۔ لوک کہانی

D۔ مکتوب نگاری

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

**دوسرا اقتباس:**

فیروز کو باپ کی موت کے بعد وراثت میں نہ تو کوئی قطعۂ زمین ملا تھا، نہ مکان اور نہ کچھ نقدی۔ صرف ایک چیز ملی تھی اور یہ تھی ایک پرانی ریڑھی، جو اس کے باپ کے لیے بھی روٹی کمانے کا واحد آسرا تھی اور اس کے لیے بھی ذریعۂ معاش بن چکی تھی۔۔۔۔

بوڑھا باپ طرح طرح کی بیماریاں پال رہا تھا اور یہی بیماریاں تیزی سے اُسے قبر کے قریب لے جارہی تھیں اور آخر کار لے ہی گئیں۔ ماں بھی چھے ماہ کے بعد دنیا سے چلی گئی۔ باپ کے مرنے پر تو فیروز کی ماں نے ایک ایک پیسہ جوڑ کر جو رقم جمع کی تھی اس سے گزر اوقات ہوتی رہی۔ وہ مرگئی تو فیروز بھری دنیا میں اکیلا رہ گیا۔ ماں جاتے ہوئے اسے ڈیڑھ سو روپیہ دے گئی تھی۔ اس میں سے دو ماہ کا کرایہ دینے کے بعد فیروز کی جیب میں چھیانوے روپے بچ گئے تھے۔ دس روز گھر میں بیٹھا تو پینتیس روپے اور خرچ ہوگئے۔ محلے کے بزرگوں نے سمجھایا: ''فوجے! خرچ کرنے سے تو قارون کا خزانہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ کچھ کام کاج کر۔ کب تک گھر میں بیٹھا رہے گا!۔۔۔''

حاجی غلام جیلانی کا شان دار مکان اس کے گھر کے قریب واقع تھا اور حاجی صاحب کی دو دکانیں تھیں اور دونوں میں سبزیاں بکتی تھیں۔۔۔۔ یہ حاجی صاحب ایک روز فیروز سے ملے اور بولے: ''فوجے! باپ کی طرح ریڑھی چلائے گا یا بھلے مانسوں کی طرح میری دکان پر کام کرے گا؟''

حاجی صاحب نے گویا! اس کے مرحوم باپ کو بھلے مانسوں کی فہرست سے خارج کر دیا تھا۔ اس نے باپ کی توہین محسوس کی، مگر یہ زہر چپکے سے پی گیا اور ادب سے بولا: ''حاجی جی! مہربانی۔'' حاجی صاحب سر ہلاتے ہوئے چلے گئے۔

(مصنف: میرزا ادیب)

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

**دوسرے اقتباس سے متعلق سوالات:**

24۔ فیروز کا باپ اپنی موت کے وقت کس چیز کا مالک تھا؟

A۔ ریڑھی
B۔ دکان
C۔ مکان
D۔ زمین

25۔ فیروز جس مکان میں رہتا تھا اُس کا ماہانہ کرایہ کتنا تھا؟

A۔ ستائیس روپے
B۔ پینتیس روپے
C۔ چھیانوے روپے
D۔ ڈیڑھ سو روپے

26۔ محلے کے بزرگوں نے فیروز کو سمجھاتے ہوئے قارون کے حوالے سے کس عنصر کو نمایاں کیا؟

A۔ حاکم ہونا
B۔ مال دار ہونا
C۔ ظالم و جابر ہونا
D۔ خدائی کا دعویٰ دار ہونا

27۔ حاجی صاحب نے فیروز سے اُس کے باپ کا تذکرہ کس انداز میں کیا تھا؟

A۔ مشفقانہ
B۔ تحقیرانہ
C۔ حاسدانہ
D۔ ہم دردانہ

28۔ ''فوجے! باپ کی طرح ریڑھی چلائے گا۔۔۔''
خوانی اقتباس سے ماخوذ درج بالا جملے میں کون سی اصطلاح موجود ہے؟

A۔ تشبیہ
B۔ محاورہ
C۔ استعارہ
D۔ ضرب المثل

29۔ خوانی اقتباس میں موجود الفاظ 'زہر چپکے سے پی گیا' سے کیا مراد ہے؟

A۔ بدمزہ پانی پینا
B۔ شرم سار ہونا
C۔ خودکشی کا ارادہ کرنا
D۔ تلخ بات برداشت کرنا

30۔ خوانی اقتباس کا تعلق اردو ادب کی کس صنف سے ہے؟

A۔ آپ بیتی
B۔ ڈراما نویسی
C۔ طنز و مزاح
D۔ افسانہ نگاری

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only